12092 ـ کیا قبروں والوں پر سلام قبرستان کے قریب سے گزرنے والا بھی کر سکتا ہے یا کہ یہ صرف اندر جانے والے کے لیے ہے

سوال

قبرستان والی دعا وہاں سے گزرنے والے کے لیے بھی ہے یا کہ صرف اندر جانے والا ہی پڑھ سکتا ہے؟
اور اگر سڑك اور راستہ قبرستان کی دیوار کے برابر میں ہو تو کیا اس کے لیے سڑك سے گزرتے ہوئے دعا پڑھنی مشروع ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

فقہاء رحمہم اللہ کا کہنا ہے کہ: قبرستان کے قریب سے گزرنے والے اور اندر جانے والے دونوں کے دعا پڑھنی سنت ہے.

تو اس بنا پر گزرنے والا سلام کرے اور چلا جائے .